بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

محترم ومکرم بھائی سید جہاں زیب ہاشمی صاحب زید مجدکم وفقنا اللہ وایاکم لما یحب ویرضی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے بفضلہ تعالیٰ بعافیت تمام ہوں گے اور وطن مراجعت کی تیاریوں کے آخری مراحل میں مشغول ہوں گے ،اللہ پاک آپ کی وطن بعافیت واپسی مبارک فرمائے اوراس میں خیر وبرکت عطا فرمائیں اور جملہ امور بسہولت سرانجام پائیں۔

دل میں آیا کہ چند باتیں خیر خواہی کہ جذبہ سے عرض کردوں، کیونکہ میرا آپکا تعلق الحمدللہ خالص اللہ ہی کے لئے ہے اللہ پاک اس کو موت تک خالص ہی رکھیں۔ آپ سے الحمدللہ سب ذاکر بھائیوں سے زیادہ تعلق ہے۔ اور یہ اللہ ہی نے محض اپنے فضل سے بنایا ہے۔ اللہ پاک اس کو ہمارے نفسوں کی آلائیشوں سے پاک ہی رکھیں۔ آمین۔

ماشاءاللہ آپ نے زندگی کا ایک اہم حصہ سرزمین مقدس میں دین متین کی اشاعت اور سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ بنوریہ ربانیہ کی ترویج میں بطریقہ احسن بھرپور مشغولی میں گزارا۔ اللہ پاک نے الحمدللہ اس میں خوب برکت عطا فرمائی اور کثیر تعداد میں احباب مختلف انواع واذواق کے مستفید ہوئے۔ اللہ پاک آپ کی سب مساعی کو قبول ومنظور فرمائیں اور تادم آخر اسی نہج پر اخلاص میں مزید ترقی کے ساتھ وطن میں بھی بھرپور مشغولی عطا فرمائیں

اب ذرا غور فرمائیں کہ اللہ العزت نے اس سرزمین مقدس میں اس سلسلہ سے مربوط فرمایا اور ایک ایسا ماحول عطا فرمایا جس میں ظاہری وباطنی تربیت ہوئی۔ اسی ماحول میں حفاظت بھی ہے تربیت بھی اور ترقی بھی۔ ہمارے دین کی بقا اسی پاکیزہ ماحول سے قدردانی کے ساتھ مربوط رہنے میں ہے۔ اللہ پاک اپنی قدرت کاملہ سے وطن میں بھی ایسا ہی ماحول عطا فرمادیں۔ اس کے لئے واپسی سے قبل مستقل دعاؤں میں اہتمام سے مانگیں۔ کہ واپسی پر گو پہلے جیسی ہمت طاقت نہیں، اللہ العزت اپنی قدرت کاملہ سے وہی فضا قائم فرمادیں۔

گزشتہ تجربہ مشاہدہ بتاتا ہے کہ عرب کی مقدس سرزمین میں آپکی اکثر مشغولی اسی ذکر و فکر کی تربیتی فضاؤں میں رہی، لیکن چھٹی کے دوران ملتان میں بہت ہی کم وقت اس ماحول میں گزرا، یہاں کی مادی فضائیں گو ضرورت کے درجہ میں ہی سہی، غالب آجاتی رہیں۔ میرے ناقص فہم کے مطابق اسکی وجہ ملتان میں آپکو اس درجہ کا ماحول واحباب کا نہ مل سکنا ہے، گو قلیل مقدار میں کچھ نہ کچھ ہوتا ہی تھا مگر ناکافی تھا۔ ماشاء اللہ اللہ پاک نے آپ کو صحیح ادراک کا بھی کچھ حصہ عطا فرمایا ہے، آپ بھی اس کو ضرور محسوس فرماتے ہوں گے۔ اللہ جانتا ہے کہ ہمارا دینی جذبہ اس دینی فضا کے بغیر سخت خطرہ میں ہے۔ موجودہ فضاؤں میں مادیت اسقدر غالب آچکی ہے کہ عمومی طور پر اکثریت بری طرح متاثر ہو ہی چکی ہے الا ماشاء اللہ، خوش نصیب ہیں وہ نفوس جو اس سے بچے ہوئے ہیں۔ اللہ ہماری بھی حفاظت فرمائیں اور ان فضاؤں میں بہہ جانے سے بچالیں۔ تو میرا مقصد آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ وطن واپسی سے قبل ہی اس کو اچھی طرح دل و دماغ میں بسالیں کہ اللہ پاک نے جو یہ نعمت دینی تعلق مع اللہ کی محض اپنی قدرت سے بغیر استحقاق عطا فرمائی ہے اس کی ناقدری نہ ہو جائے۔ اور جن ذرائع و وسائل سے عطا ہوئی ہے ان سے غفلت نہ ہو جائے، یعنی اسی کی ترویج واشاعت میں دلجمعی کے ساتھ مستقل مزاجی سے اپنی مقدور بھر کوشش و سعی کرتے رہنے کا پختہ ارادہ و عزم مصمم زندگی بھر رکھنا ہے، اور اللہ العزت سے ہمت و توفیق مانگتے رہنا ہے، اور اس کام کو ہر دوسرے کاموں پر ترجیح دیتے رہنا ہے۔ گو دوسرے مشاغل ہجوم کر کے اپنی ترجیحات پر زور دیں گے، مگر اللہ سے ہمت و توفیق مانگتے ہوئے اس محنت میں آگے سے آگے بڑھنے کو کوشش کرتے رہنا۔ میری دعائیں مستقل آپ کے ساتھ ہیں اور رہیں گی انشاء اللہ۔ اللہ جانتا ہے میری آپ سے بہت زیادہ توقعات اسی محنت کی ترویج کی لگی ہوئی ہیں۔ اللہ پاک اس کو وجود عطا فرمادیں، اور ہر قسم کی ظاہری باطنی رکاوٹوں کو عافیت سے دور فرمادیں۔ آمین

دوسری اہم بات یہ عرض کرنی ہے اللہ پاک اس ریٹائرمنٹ پر جو مادی مالی اسباب عطا فرمائیں اسکو بھی اللہ کی نعمت سمجھتے ہوئے قدردانی سے لیں اور اللہ پاک سے اس کی حفاظت و صحیح استعمال کی توفیق بھی مستقل مانگیں۔ اس کے لئے اس کا خیال ضرور رکھیں کہ اسکی تفصیل مجھ سمیت کسی کو بھی نہ بتلائیں، خواہ کوئی کتنا قریبی تعلق والا ہی کیوں نہ ہو، یہ بہت ضروری ہے، آجکل کے اس زمانہ کی فضاؤں کے مضر اثرات سے بچنے کے لئے۔ محض اللہ پاک کا فضل و عنائت

سمجھتے ہوئے، احتیاط کے ساتھ اپنی مصلحتوں کو سامنے رکھتے ہوئے جو بھی ترتیب مناسب سمجھیں، اللہ پاک سے مانگ کر بنالیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک صحیح رہنمائی فرمادیں۔

دعا ہے کہ اللہ العزت ہر قسم کے شر ور و فتن سے اپنی حفاظت میں رکھیں۔ زندگی کی جو باقی ساعتیں ہیں سکون و عافیت سے ایمان کی سلامتی کے ساتھ اسکے کلمہ کی سربلندی کے لئے استعمال فرمالیں۔ میرے لئے بھی یہی دعا فرمادیں۔ گو قویٰ اب مضمحل ہو چکے ہیں ہمت پست ہے، لیکن عزم الحمدللہ ہے مگر جسم اب ساتھ نہیں دیتا۔ اللہ پاک محض اپنے لطف واحسان سے بغیر استحقاق خاتمہ کامل ایمان پر فرمادیں۔ آمین یارب العالمین۔

اللہ پاک آپ کو عافیت سے لائے باقی تفصیل انشاءاللہ بوقت ملاقات عرض کرونگا۔

والسلام

بندہ

مقبول احمد عفی عنہ

--